سپریم کورٹ کے فیصلے کا دل سے خیر مقدم کرتے ہیں۔رابطہ کمیٹی متحدہ قومی موومنٹ

اس فیصلے کے نتیجے میں کراچی میں پائیدار امن کے قیام میں مدد ملے گی اور جرائم پیشہ عناصر کی بیخ کنی ہوگی۔رابطہ کمیٹی

ایم کیوایم میں جرائم پیشہ عناصر کیلئے کوئی گنجائش نہیں ہے،ایم کیوایم کراچی میں امن واستحکام کے سلسلے میں اپنا کردارادا کرتی رہے گی،

کراچی میں معصوم شہریوں کے قتل کے واقعات کا ازخودنوٹس لینے پر چیف جسٹس افتخار چوہدری اور سپریم کورٹ

کے تمام جج صاحبان کا دلی شکریہ ادا کرتے ہیں۔رابطہ کمیٹی

کراچی:۔۔۔ 6اکتوبر2011ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے کراچی میں بدامنی ازخودنوٹس کیس کے بارے میں سپریم کورٹ کے فیصلے کا خیر مقدم کیا ہے۔اپنے ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے کہا کہ ہم سپریم کورٹ کے فیصلے کا دل سے احترام کرتے ہیں اور یہ امید کرتے ہیں کہ اس فیصلے کے نتیجے میں کراچی میں پائیدار امن کے قیام میں مدد ملے گی اور جرائم پیشہ عناصر کی بیخ کنی ہوگی۔رابطہ کمیٹی نے کہا کہ ہم سپریم کورٹ کے چیف جسٹس جناب جسٹس افتخار چوہدری اور تمام فاضل جج صاحبان کا دلی شکریہ ادا کرتے ہیں جنہوں نے کراچی میں معصوم شہریوں کے قتل اور بدامنی کے واقعات کا ازخودنوٹس لیا جس کی بدولت کراچی میں امن بحال ہوا اور سینکڑوں معصوم شہریوں کی زندگیاں محفوظ ہوئیں۔رابطہ کمیٹی نے کہا کہ ایم کیوایم کراچی میں امن واستحکام کے سلسلے میں اپنا کردارادا کرتی رہے گی،اس سلسلے میں قائد تحریک جناب الطاف حسین کئی بارواضح الفاظ میں یہ کہہ چکے ہیں کہ ایم کیوایم میں جرائم پیشہ عناصر کیلئے کوئی گنجائش نہیں ہے،ایم کیوایم نے ماضی میں بھی مجرمانہ سرگرمیوں میں ملوث افراد کو پارٹی سے خارج کیا اور اب سپریم کورٹ کے فیصلے کی روشنی میں بھی ایم کیوایم نے تمام یونٹوں ،سیکٹروں اور زونوں کو سختی کے ساتھ ہدایت کی ہے کہ وہ اپنی صفوں میں کڑی نظر رکھیں اور اس بات کو یقینی بنائیں کہ کوئی بھی جرائم پیشہ فرد ایم کیوایم کی صفوں میں داخل نہ ہو سکے کیونکہ ایم کیوایم میں جرائم پیشہ عناصر کیلئے نہ کل کوئی گنجائش تھی اور نہ ہی آج ہے۔رابطہ کمیٹی نے کہا کہ ہم تمام سیاسی ومذہبی جماعتوں کو ایک بار پھر کھلے دل سے دعوت دیتے ہیں کہ وہ کراچی میں امن واستحکام، بھائی چارے،احترام،ہم آہنگی اور برداشت کی فضاء کو فروغ دینے کیلئے ملکر کام کریں اور ایک دوسرے کے ساتھ تعاون کریں۔

☆☆☆☆☆